| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے جان دار اور بے جان اشیا میں فرق پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو مختلف مثالیں دے کر جان دار اور بے جان اشیا میں فرق واضح کریں۔ انھیں بتائیں کہ تمام جان دار پیدائش کے وقت شکل و صورت میں اپنے والدین کی طرح نہیں ہوتے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 30 کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو مختلف فلیش کارڈز دکھا کر جان دار اور بے جان اشیا میں فرق واضح کریں۔
- متن کا حوالہ دے کر انھیں بتائیں جان داروں کی خصوصیات میں سانس لینا، نشوونما پانا اور افزائش نسل وغیرہ شامل ہیں۔
- انھیں بتائیں پیدائش کے وقت کچھ جان دار اپنے والدین جیسے ہوتے ہیں جیسے بکری اور انسان وغیرہ۔ اور کچھ جان دار اپنے والدین جیسے نہیں ہوتے۔ البتہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اپنے والدین جیسے ہو جاتے ہیں، جیسا کہ مینڈک اور تتلی وغیرہ۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| افزائش | اف۔زا۔اِش | اضافہ |
| پیدائش | پے۔دا۔اش | پیدا ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **2منٹ**

جان داروں کو زندہ رہنے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہیں؟ اپنی کاپی میں فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: جان دار اجسام میں تبدیلیاں** |

سوال نمبر 1: جان دار اشیا پر (✓) اور بے جان اشیا پر دائرہ (O) بنائیں۔









سوال نمبر 2: جان داروں کی چند خصوصیات تحریر کریں۔

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 دوسرا دن | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ایک جان دار پیدائش کے مختلف مراحل طے کرتا ہے یعنی وہ پیدائش سے لے کر بڑا ہونے تک مختلف تبدیلیوں سے گزرتا ہے۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم پودوں کے دورِ حیات کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 30 تا 31 "دورِ حیات" اور "پودوں کا دورِ حیات" کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جانوروں کا پیدا ہونے سے بڑا ہونے تک اور پھر اپنے جیسے جان دار پیدا کرنے کا عمل دورِ حیات کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو مختلف فلیش کارڈز دکھا کر پودوں کے دورِ حیات کے مراحل دکھائیں۔ انھیں بتائیں پودوں کا دورِ حیات کا آغاز بیج سے ہوتا ہے۔ انھیں بتائیں بیج بونے کے لیے کس طرح کی جگہ درکار ہوتی ہے بیج کس جگہ پر بویا جاتا ہے بیج کسی پکی جگہ پر نہیں بلکہ زمین کے اندر مٹی میں بویا جاتا ہے۔
- صفحہ نمبر 31 میں پودوں کے دورِ حیات کی تصویر سے واضح کریں کہ زمین میں بویا جانے والا بیج آہستہ آہستہ اُگنے لگتا ہے اور پہلے ننھے پودے میں اور پھر وہ ننھا پودا نشو و نما پا کر بڑے پودے یا درخت میں بدل جاتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ پودے کو بڑھنے اور نشوونما پانے کے لیے پانی اور نمکیات کی ضرورت ہوتی ہے جو وہ جڑ کے ذریعے زمین سے حاصل کرتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| توانائی | ت۔وا۔نا۔ای | قوت |
| مرحلہ | مر۔حَ۔لَہ | درجہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سوال نمبر 1 میں پوچھے گئے سوالات الف اور ج پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے کسی پودے کا دورِ حیات اپنی کاپی میں دکھائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: جان دار اجسام میں تبدیلیاں |
|---|---|---|

سوال نمبر 1: نیچے دی گئی تصاویر پر پودے کا دورِ حیات دیا گیا ہے۔ ہر تصویر کے نیچے دورِ حیات کے مرحلے کا نام لکھیں۔



| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 8 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ اور طلبہ کو بتائیں بیش تر جانوروں کے بچے پیدائش کے وقت اپنے والدین جیسے ہوتے ہیں۔ کچھ جانور انڈے دیتے ہیں اور کچھ بچے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے پرندوں کا دورِ حیات پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں تمام پرندے انڈے دیتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کے ذریعے مختلف پرندوں اور ان کے انڈوں کی تصاویر دکھائیں اور ان کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے مرغی کا دورِ حیات دکھائیں۔ انھیں بتائیں پرندوں کا دورِ حیات تین مراحل پر مشتمل ہوتا ہے متن کی مدد سے تینوں مراحل کی وضاحت کریں۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قابل ہو جانا | قا۔ بل۔ ہونا | لائق ہونا |
| نشوونما | نَ۔ شو۔ نما | پھلنا پھولنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سوال نمبر 1 کا سوال (ہ) طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پودے اور مرغی کے دورِ حیات کی مختلف تصاویر اپنی کاپی پر چسپاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: جان دار اجسام میں تبدیلیاں** |

سوال نمبر 1: نیچے دی گئی تصاویر پر مرغی کا دورِ حیات دیا گیا ہے۔ ہر تصویر کے نیچے دورِ حیات کے مرحلے کا نام لکھیں۔

